| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: آسمانی کتابوں پر ایمان |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آسمانی کتابوں پر ایمان کے حکم سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے ایمان کے ارکان کے نام پوچھیں اور تختہ تحریر پر ساتھ ساتھ لکھتے جائیں۔ طلبہ کو بتائیں آسمانی کتابوں پر ایمان لانا ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 2 کھولنے کی ہدایت دیں اور پہلے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو جب اس دنیا میں بھیجا تو اس کی ہر ضرورت کا بھی خیال رکھا۔ اسے دنیا میں رہنے کے لیے ہر نعمت سے نوازا۔ ساتھ ہی انسان کی سب سے اہم اور بڑی ضرورت ہدایت و راہ نمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔ ان میں سے چند نبیوں پر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل فرمائیں جنھیں آسمانی کتابیں کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ان آسمانی کتابوں اور صحیفوں میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت و راہ نمائی کے لیے بہت سی باتیں بتائیں۔ ان کتابوں میں اچھائی اور برائی میں فرق کرنا سکھایا اور زندگی گزارنے کے اصول بتائے۔

یہ تمام کتابیں اور صحیفے حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے نبیوں اور رسولوں کے پاس لے کر آتے تھے۔ بتائیں کہ مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ساری الہامی کتب برحق ہیں۔ ہر کتاب

اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے نبی پر نازل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو تمام انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لیے نازل فرمایا ہے۔

- انھیں تاکید کریں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان تمام آسمانی کتابوں اور صحیفوں پر ایمان لانا اور ان کا احترام کرنا ہم سب پر فرض ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صحیفہ | صَ۔ حی۔ فہ | چھوٹی کتابیں جو پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔ |
| ہدایت | ہِ۔ دا۔ یَت | راہ بری |
| راہ نمائی | راہ۔ نُمائی | ہدایت |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (1) کے پہلے دو سوال طلبہ سے پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کو ہدایت دیں ان سوالوں کے جواب کاپی پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

آسمانی کتابوں پر ایمان لانے سے متعلق ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: آسمانی کتابوں پر ایمان |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آسمانی کتابوں کے نام جان سکیں اور جن نبیوں پر آسمانی کتب اور صحائف نازل ہوئے ہیں، ان کے اسمائے گرامی سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اس دنیا میں انسان کی راہ نمائی اور ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندے بھیجے جو نبی اور رسول کہلائے۔ طلبہ سے پوچھیں اللہ تعالیٰ نے کتنے نبی اور رسول بھیجے؟ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔ ان میں سے اللہ تعالیٰ نے چند انبیائے کرام علیہم السلام کو چُنا اور ان پر اپنی کتابیں نازل کیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم آسمانی کتابوں اور جن انبیا پر یہ نازل ہوئیں، کے نام پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 12 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر دور میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام بھیجے۔ ان میں سے چند پر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل کیں۔
- چار مشہور آسمانی کتابیں یہ ہیں۔ تورات، زبور، انجیل اور قرآن مجید۔
- تختہ تحریر پر آسمانی کتابوں کے نام لکھیں طلبہ سے آسمانی کتابوں کے نام کہلوائیں۔

- طلبہ کو بتائیں تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ تورات بنی اسرائیل کی عظیم کتاب تھی۔ جس میں اُن کی شریعت اور احکام موجود تھے۔ بعدازاں یہودیوں نے تورات میں تحریف کر ڈالی اور آج یہ اپنی اصل شکل میں موجود نہیں۔
- طلبہ کو بتائیں زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے عبرانی زبان میں نازل فرمائی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: ہم نے داؤد کو زبور عطا کی۔ (سورۃ النسآء، آیت: 163)
- طلبہ کو بتائیں انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: اور ہم نے ان کے پیچھے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب یعنی تورات کی تصدیق کرنے والے تھے اور ہم نے انھیں انجیل عطا فرمائی جس میں نور اور ہدایت تھی اور وہ اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی تصدیق کرتی تھی اور وہ سراسر ہدایت و نصیحت تھی پارسا لوگوں کے لیے۔

(سورۃ المآئدۃ، آیت: 46)

- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی وہ کتاب ہے جو ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر نازل ہوئی۔ یہ کتاب پہلی تمام آسمانی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور مکمل ضابطۂ حیات ہے۔
- ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: بہت بابرکت ہے وہ اللہ تعالیٰ جس نے اپنے بندے پر فرقان اتارا، تاکہ وہ تمام لوگوں کے لیے آگاہ کرنے والا بن جائے۔ (سورۃ الفرقان، آیت: 1)
- طلبہ کو ترغیب دلائیں قرآن مجید کو پڑھنے، سمجھنے اور عمل کرنے سے انسان دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ضابطۂ حیات | ضا۔ بِ۔ طہ۔ حیات | زندگی گزارنے کا دستور العمل |
| آخرت | آ۔ خِ۔ رت | قیامت |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے جزو (4) کے سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آسمانی کتابوں کے نام اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**____________ | **مضمون:اسلامیات** | **سبق:آسمانی کتابوں پر ایمان** |

سوال 1: چار مشہور آسمانی کتابیں اور جن انبیا پر یہ نازل ہوئیں، کے نام لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 3 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: آسمانی کتابوں پر ایمان | باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آسمانی کتابوں میں سے قرآن مجید کی فضیلت و انسانی زندگی میں اس کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا تعارف لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

(الف) آسمانی کتابوں سے کیا مراد ہے؟ (ب) چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیں۔

طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی وہ کتاب ہے جو ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر نازل ہوئی۔ یہ کتاب پہلی تمام کتابوں کی تصدیق کرنے والی اور ان کی محافظ ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اور ہم نے آپ کی طرف حق کے ساتھ یہ کتاب نازل فرمائی ہے جو اپنے سے اگلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی اور ان کی محافظ ہے۔ (سورۃ المائدۃ: 48)

یعنی یہ کتاب نزول کے اعتبار سے آخری اور سابقہ تمام کتابوں پر گواہ اور حاکم ہے۔ طلبہ کو بتائیں قرآن مجید واحد کتاب ہے جو آج بھی اپنی اصل شکل میں موجود ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود لیا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 12 تا 13 "قرآن مجید کی فضیلت اور انسانی زندگی میں اس کی اہمیت" کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ قرآن مجید 114 سورتوں پر مشتمل ہے جن کی تقسیم مکّی اور مدنی سورتوں میں کی گئی ہے۔ قرآن مجید میں 6666 آیات ہیں اس کے تیس پارے ہیں جن میں سے ہر پارے کو عنوان دیا گیا ہے۔ قرآن مجید کا نزول تقریباً 23 سال کے عرصے میں مکمل ہوا۔

- طلبہ کو قرآن مجید کی فضیلت و اہمیت کے بارے میں آگاہ کریں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: لوگو! تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے روشن دلیل آگئی ہے اور ہم نے تمھاری طرف واضح نورِ (ہدایت) بھیج دیا ہے۔ پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور (قرآن) کا سہارا پکڑ لیا تو وہ بھی ضرور انھیں اپنی رحمت اور فضل (کے دامن) میں لائے گا اور ان کو اپنے حضور تک پہنچنے کا سیدھا راستہ (بھی) دکھادے گا۔ (سورۃ النسآء، آیت: 174)

- قرآن مجید کو پڑھنے کی فضیلت درج ذیل احادیث سے واضح ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب سے ایک حرف بھی پڑھتا ہے اسے اس کے بدلے میں ایک نیکی ملتی ہے اور ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر قرار پاتی ہے میں یہ نہیں کہتا کہ

(الٓمّٓ) ایک حرف ہے بلکہ 'الف' ایک حرف ہے 'لام' ایک حرف ہے اور 'م' ایک حرف ہے۔ (ترمذی)

اسی طرح ایک اور جگہ پر ارشاد ہوا: قیامت کے دن قرآن اپنے پڑھنے والوں کے لیے سفارش (کا باعث) بنے گا۔ (مسلم)

- طلبہ کو بتائیں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پہلی اُمتّوں نے آسمانی کتابوں میں اپنی مرضی سے تبدیلیاں کیں اور انھیں بدل ڈالا۔ لیکن قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی واحد کتاب ہے جو آج تک اپنی اصلی حالت میں موجود ہے کیونکہ اس کی حفاظت کی ذمہ داری خود اللہ تعالیٰ نے لے رکھی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: بے شک ہم نے ہی (اس) ذکر (قرآن) کو نازل فرمایا ہے اور بے شک ہم ہی اس کی ضرور حفاظت فرمانے والے ہیں۔ (سورۃ الحجر، آیت: 9)

- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید قیامت تک آنے والے لوگوں کے لیے ہدایت کا واحد ذریعہ ہے۔ یہ ایک مکمل اور جامع کتاب ہے یہ انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے بارے میں مکمل راہ نمائی پیش کرتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید زندگی کے ہر شعبے میں راہ نمائی کرتا ہے اس میں خیر و شر، حلال و حرام اور اخلاقی تعلیمات سمیت زندگی کے تمام پہلوؤں کے بارے میں تفصیلی ہدایات موجود ہیں۔

اس لیے ہمیں چاہیے کہ قرآنی تعلیمات پر عمل کریں اور اسے دوسرے انسانوں تک پہنچائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| سنّت | سُن۔نت | وہ طریقہ جس پر رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور صحابہ کرام علیہم السلام نے عمل کیا ہو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| سیرت | سی۔رَت | عادت |
| خیر | خَیُر | نیکی۔بھلائی |
| انفرادی | اِن۔فِ۔را۔دِی | شخصی |
| اجتماعی | اِج۔تے۔ما۔اِی | مجموعی طور پر |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق میں جزو(1) کے سوال (۳)(۴) کے جوابات کاپی پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔قرآن مجید ہمیں زندگی کے کن کن شعبوں میں راہ نمائی فراہم کرتا ہے؟

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | **مضمون:اسلامیات** | **سبق:آسمانی کتابوں پر ایمان** |

سوال 1: احادیث کی روشنی میں قرآن مجید پڑھنے کی فضیلت لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________